QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 157

بجلی کے ٹرانسمیشن لائن سے سامان چوری

کوئٹہ 30 دسمبر 2025ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ گزشتہ شب 132kV قلعہ سیف اللہ۔مسلم باغ ٹرانسمیشن لائن پر فنی خرابی پیدا ہوگئی جس کے نتیجے میں مذکورہ ٹرانسمیشن لائن سے بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ترجمان نے کہا کہ کیسکو ٹیموں نے تکنیکی خرابی کی درستگی اور بجلی بحالی کیلئے 132kV ٹرانسمیشن لائن کی پیٹرولنگ شروع کردی۔جس کے بعد کیسکو ٹیم نسئی کے علاقہ میں پہنچ گئے۔جہاں پر چوروں نے 132kV ٹرانسمیشن لائن پر رسی کے زریعے فالٹ پیدا کرنے کے بعد کنڈکٹرز کاٹ کر چوری کررہے تھے۔ترجمان نے کہا کہ چوروں نے کیسکو اسٹاف کو دیکھتے ہی کاٹے گئے کنڈکٹرز موقع پر چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

ترجمان نے کہا کہ اس سے قبل بھی اسی علاقے میں کنڈکٹرز چوری کرنے کے واقعات رونما ہوئے ہیں۔متعلقہ واقعہ میں ملوث چوروں کے خلاف تحقیقات اور مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔کیسکو نے اپنے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے اردگرد بجلی کی لائنوں اور کھمبوں کی حفاظت کیلئے کیسکو سے تعاون کریں۔